پناہ گاہ کے اصول

۱۔ میرا گھر میں نئی آنے والی مکین پابند ہیں کہ وہ اپنی قیمتی اشیاء/نقدی میرا گھر کے منتظمین کے پاس جمع کروا کر رسید حاصل کریں۔

۲۔ تمام جمع شدہ اشیاء میرا گھر کی تجوری میں امانتاً رکھی جائیں، ڈسچارج ہونے کی صورت میں رسید کے مطابق اشیاء واپس کی جائیں گی۔

۳۔ میرا گھر کی مکین انتظامیہ کے باہمی صلاح و مشورہ سے اپنی ڈیوٹی کا تعین کریں گی۔ اور ایک وقت میں ایک کام دیا جائے گا۔

۴۔ ہاؤس منیجر/مدر کسی بھی مکین (Survivor) کو اپنے کمرے میں بلانے کی مجاز نہیں ہے۔

۵۔ انتظامیہ کسی بھی مکین سے اپنا ذاتی کام کروانے کی مجاز نہیں ہوگی۔ (ذاتی خدمت، کپڑے بنوانا وغیرہ)

۶۔ میرا گھر کے مکین اپنی مذہبی عبادات اپنے عقیدے، مذہب اور فرقے کے مطابق ادا کرنے میں آزاد ہیں۔

۷۔ باورچی خانے میں ڈیوٹی کے مقررہ مکین کے علاوہ باقی افراد کے داخلے پر پابندی ہوگی۔

۸۔ میرا گھر میں کسی قسم کی گالم گلوچ یا لڑائی جھگڑا منع ہے۔ میرا گھر میں خواتین اور بچوں کے تحفظ کی سختی سے پاسداری کی جائے گی۔

۹۔ میرا گھر کے مکین باہر سے خورد و نوش کی اشیاء انتظامیہ کے ذریعے منگوا سکتے ہیں۔

۱۰۔ کلاس اور سلائی سنٹر میں کلاس ختم ہونے کے بعد کسی کو دوبارہ یا واپس جانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

۱۱۔ میرا گھر کے مکین ہفتے میں مقرر کیے گئے ۲ دن اور اوقات میں اپنے مقدمات یا قانونی معاملات کے بارے میں وکلاء کے ساتھ مشاورت کریں گے۔ (منگل، جمعرات)

۱۲۔ میرا گھر کے مکین سروائیورز ہفتے میں مقرر کیے گئے ۲ دن اور اوقات میں اپنے خاندان یا گھر والوں سے ذریعے کلام بذریعہ ٹیلی فون ہوتے ہیں۔ (جمعرات، جمعہ)

۱۳۔ میرے گھر کے اصولوں کی خلاف ورزی کی صورت میں پیلا کارڈ، جبکہ مسلسل خلاف ورزی پر سرخ کارڈ جاری کیا جائے گا۔

Mera Ghar - NET Helpline: 091-3067091, WhatsApp: 0347-9192201